# اَلتَّحۡرِيۡم

## بِسۡمِ اللّٰهِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِيۡمِ

شروع اللہ کے نام سے جو بڑا مہربان نہایت رحم والا ہے

يٰۤاَيُّهَا النَّبِىُّ لِمَ تُحَرِّمُ مَاۤ اَحَلَّ اللّٰهُ
لَكَ‌ۚ تَبۡتَغِىۡ مَرۡضَاتَ اَزۡوَاجِكَ‌ؕ وَاللّٰهُ
غَفُوۡرٌ رَّحِيۡمٌ ۝١

اے نبی (صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم) کیوں حرام کرتے ہو تم وہ چیز جو حلال کی ہے اللہ نے تمہارے لئے۔ کیا چاہتے ہو خوشنودی اپنی بیویوں کی۔ اور اللہ بخشنے والا ہے مہربان ہے۔

قَدۡ فَرَضَ اللّٰهُ لَكُمۡ تَحِلَّةَ اَيۡمَانِكُمۡ‌ؕ
وَاللّٰهُ مَوۡلٰٮكُمۡ‌ۚ وَهُوَ الۡعَلِيۡمُ
الۡحَكِيۡمُ ۝٢

بیشک مقرر کر دیا ہے اللہ نے تمہارے لئے کفارہ تمہاری قسموں کا۔ اور اللہ ہے تمہارا کارساز۔ اور وہ ہے جاننے والا حکمت والا۔

وَاِذۡ اَسَرَّ النَّبِىُّ اِلٰى بَعۡضِ اَزۡوَاجِهٖ
حَدِيۡثًا‌ۚ فَلَمَّا نَبَّاَتۡ بِهٖ وَاَظۡهَرَهُ اللّٰهُ
عَلَيۡهِ عَرَّفَ بَعۡضَهٗ وَاَعۡرَضَ عَنۡۢ

اور جب راز داری سے بتائی نبی (صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم) نے اپنی کسی بیوی سے ایک بات۔ پھر جب بتا دی اس (بیوی) نے وہ (بات دوسری کو) اور ظاہر کر دیا اسے اللہ نے اس (نبی) پر۔ تو

| | |
|---|---|
| بَعۡضٍ ۚ فَلَمَّا نَبَّاَهَا بِهٖ قَالَتۡ مَنۡ اَنۡۢبَاَكَ هٰذَا ؕ قَالَ نَبَّاَنِىَ الۡعَلِيۡمُ الۡخَبِيۡرُ ﴿۳﴾ | اس (نبی) نے جتائی کچھ وہ (بات اس بیوی کو) اور درگذر کردی کچھ۔ سو جب خبر دی اس (نبی) نے اس (بیوی) کو اس (بات) کی تو اسنے کہا کس نے خبر دی آپ کو اسکی۔ کہا (نبی نے) خبر دی مجھے اس نے جو سب کچھ جاننے والا ہے بہت باخبر ہے۔ |
| اِنۡ تَتُوۡبَاۤ اِلَى اللّٰهِ فَقَدۡ صَغَتۡ قُلُوۡبُكُمَا ۚ وَاِنۡ تَظٰهَرَا عَلَيۡهِ فَاِنَّ اللّٰهَ هُوَ مَوۡلٰٮهُ وَجِبۡرِيۡلُ وَصَالِحُ الۡمُؤۡمِنِيۡنَ ۚ وَالۡمَلٰٓٮِٕكَةُ بَعۡدَ ذٰلِكَ ظَهِيۡرٌ ﴿۴﴾ | اگر توبہ کرو تم دونوں اللہ سے (تو بہتر ہے) کیونکہ کج ہو گئے تمہارے دل۔ اور اگر باہم اعانت کروگی اس کے (نبی ﷺ) کیخلاف تو بیشک اللہ ہی اسکا مولا ہے اور جبریل اور صالح اہل ایمان اور فرشتے اسکے بعد مددگار ہیں۔ |
| عَسٰى رَبُّهٗۤ اِنۡ طَلَّقَكُنَّ اَنۡ يُّبۡدِلَهٗۤ اَزۡوَاجًا خَيۡرًا مِّنۡكُنَّ مُسۡلِمٰتٍ مُّؤۡمِنٰتٍ قٰنِتٰتٍ تٰٓٮِٕبٰتٍ عٰبِدٰتٍ سٰٓٮِٕحٰتٍ ثَيِّبٰتٍ وَّاَبۡكَارًا ﴿۵﴾ | عجب نہیں اسکا رب کہ اگر وہ طلاق دے دے تمکو تو بدلے میں دیدے اسکو بیویاں جو بہتر ہوں تم سے۔ مسلمان ایمان والیاں فرمانبردار توبہ کرنے والیاں عبادت گذار روزہ رکھنے والیاں شادی شدہ اور کنواریاں۔ |

يٰۤاَيُّهَا الَّذِيۡنَ اٰمَنُوۡا قُوۡۤا اَنۡفُسَكُمۡ
وَاَهۡلِيۡكُمۡ نَارًا وَّقُوۡدُهَا النَّاسُ
وَالۡحِجَارَةُ عَلَيۡهَا مَلٰۤٮِٕكَةٌ غِلَاظٌ شِدَادٌ
لَّا يَعۡصُوۡنَ اللّٰهَ مَاۤ اَمَرَهُمۡ وَيَفۡعَلُوۡنَ
مَا يُؤۡمَرُوۡنَ ۝٦

اے وہ لوگوں جو ایمان لائے بچاؤ اپنے آپکو اور
اپنے اہل و عیال کو اس آگ سے جس کا
ایندھن ہونگے انسان اور پتھر۔ جس پر مقرر ہیں
فرشتے تند خو سخت گیر۔ نہیں کرتے وہ نافرمانی
اللہ کی اسمیں جسکا حکم انہیں دیتا ہے اور
کرگزرتے ہیں جسکا حکم انکو دیا جاتا ہے۔

يٰۤاَيُّهَا الَّذِيۡنَ كَفَرُوۡا لَا تَعۡتَذِرُوا
الۡيَوۡمَ ؕ اِنَّمَا تُجۡزَوۡنَ مَا كُنۡتُمۡ
تَعۡمَلُوۡنَ ۝٧ ع

اے وہ لوگو جنہوں نے کفر کیا نہ بہانے بناؤ
آج کے دن۔ بس بدلہ دیا جائے گا تمکو اسی کا
جو عمل تم کیا کرتے تھے۔

يٰۤاَيُّهَا الَّذِيۡنَ اٰمَنُوۡا تُوۡبُوۡۤا اِلَى اللّٰهِ
تَوۡبَةً نَّصُوۡحًا ؕ عَسٰى رَبُّكُمۡ اَنۡ يُّكَفِّرَ
عَنۡكُمۡ سَيِّاٰتِكُمۡ وَيُدۡخِلَكُمۡ جَنّٰتٍ
تَجۡرِىۡ مِنۡ تَحۡتِهَا الۡاَنۡهٰرُ ۙ يَوۡمَ لَا يُخۡزِى
اللّٰهُ النَّبِىَّ وَ الَّذِيۡنَ اٰمَنُوۡا مَعَهٗ ۚ
نُوۡرُهُمۡ يَسۡعٰى بَيۡنَ اَيۡدِيۡهِمۡ

اے وہ لوگوں جو ایمان لائے توبہ کرو اللہ کے
آگے خالص توبہ۔ امید ہے کہ تمہارا رب دور کر
دے گا تم سے تمہارے گناہ اور داخل کرے گا
تمکو جنتوں میں بہ رہی ہیں جنکے نیچے نہریں۔
اس دن نہیں رسوا کرے گا اللہ نبی (صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم)
کو اور ان لوگوں کو جو ایمان لائے اس کے ساتھ۔
ان کا نور دوڑ رہا ہو گا انکے آگے اور انکی داہنی

| | |
|---|---|
| وَبِاَيۡمَانِهِمۡ يَقُوۡلُوۡنَ رَبَّنَاۤ اَتۡمِمۡ لَنَا نُوۡرَنَا وَاغۡفِرۡ لَنَا ۚ اِنَّكَ عَلٰى كُلِّ شَىۡءٍ قَدِيۡرٌ ﴿۸﴾ | طرف ۔ وہ کہیں گے ہمارے رب پورا کر ہمارے لئے ہمارا نور اور معاف فرما ہمیں ۔ بیشک تو ہر چیز پر قادر ہے ۔ |
| يٰۤاَيُّهَا النَّبِىُّ جَاهِدِ الۡكُفَّارَ وَالۡمُنٰفِقِيۡنَ وَاغۡلُظۡ عَلَيۡهِمۡ ؕ وَمَاۡوٰٮهُمۡ جَهَنَّمُ ؕ وَبِئۡسَ الۡمَصِيۡرُ ﴿۹﴾ | اے نبی جہاد کرو کافروں اور منافقوں سے اور سختی کرو ان پر ۔ اور ان کا ٹھکانہ دوزخ ہے ۔ اور وہ بہت بری جگہ ہے ۔ |
| ضَرَبَ اللّٰهُ مَثَلًا لِّلَّذِيۡنَ كَفَرُوا امۡرَاَتَ نُوۡحٍ وَّ امۡرَاَتَ لُوۡطٍ ؕ كَانَتَا تَحۡتَ عَبۡدَيۡنِ مِنۡ عِبَادِنَا صَالِحَيۡنِ فَخَانَتٰهُمَا فَلَمۡ يُغۡنِيَا عَنۡهُمَا مِنَ اللّٰهِ شَيۡـًٔا وَّقِيۡلَ ادۡخُلَا النَّارَ مَعَ الدّٰخِلِيۡنَ ﴿۱۰﴾ | بیان فرمائی ہے اللہ نے مثال انکے بارے میں جنہوں نے کفر کیا نوح کی بیوی اور لوط کی بیوی کی ۔ یہ دونوں تھیں ایسے دو بندوں کے گھروں میں جو ہمارے صالح بندوں میں سے تھے ۔ تو خیانت کی دونوں نے ان سے سو نہ کام آئے وہ ان (عورتوں) کے اللہ کے مقابلے میں کچھ بھی اور کہدیا گیا کہ داخل ہو جاؤ آگ میں ساتھ داخل ہونے والوں کے ۔ |

| | |
|---|---|
| وَضَرَبَ اللّٰهُ مَثَلًا لِّلَّذِيۡنَ اٰمَنُوا امۡرَاَتَ فِرۡعَوۡنَ‌ۘ اِذۡ قَالَتۡ رَبِّ ابۡنِ لِىۡ عِنۡدَكَ بَيۡتًا فِى الۡجَـنَّةِ وَنَجِّنِىۡ مِنۡ فِرۡعَوۡنَ وَعَمَلِهٖ وَنَجِّنِىۡ مِنَ الۡقَوۡمِ الظّٰلِمِيۡنَۙ ﴿۱۱﴾ | اور بیان فرمائی ہے اللہ نے مثال انکے بارے میں جو ایمان لائے فرعون کی بیوی کی جب کہا اس نے میرے رب بنا میرے لئے اپنے پاس ایک گھر بہشت میں اور نجات بخش مجھے فرعون سے اور اسکے عمل سے اور چھڑا لے مجھ کو انلوگوں سے جو ظالم ہیں۔ |
| وَ مَرۡيَمَ ابۡنَتَ عِمۡرٰنَ الَّتِىۡۤ اَحۡصَنَتۡ فَرۡجَهَا فَنَفَخۡنَا فِيۡهِ مِنۡ رُّوۡحِنَا وَصَدَّقَتۡ بِكَلِمٰتِ رَبِّهَا وَكُتُبِهٖ وَكَانَتۡ مِنَ الۡقٰنِتِيۡنَ ﴿۱۲﴾ | اور مریم عمران کی بیٹی وہ جس نے محفوظ رکھا اپنی ناموس کو۔ تو ہم نے پھونک دی اس میں اپنی طرف سے روح اور تصدیق کی اسنے اپنے رب کے کلام کی اور اسکی کتابوں کی اور وہ تھی فرمانبرداروں میں سے۔ |